OFFICE OF ADMINISTRATIVE TRIALS AND HEARINGS
Help Center

# جب آپ کو "ڈیفالٹ" طور پر خلاف ورزی کا مرتکب پایا جائے

**"ڈیفالٹ/ڈیفالٹ طور پر خلاف ورزی" کا مرتکب ہونے سے کیا مراد ہے؟** ہر سمن کے سامنے ایک *سماعت کی تاریخ* درج ہوتی ہے۔ جب کوئی جواب دہندہ یا جواب دہندہ کا نمائندہ سماعت پر ظاہر نہیں ہوتا یا پیشگی قصوروار/تصفیہ/شرط کا بیان نہیں دیتا تو جواب دہندہ کو خود بخود ڈیفالٹ طور پر خلاف ورزی کا مرتکب پایا جاتا ہے۔

**ڈیفالٹ کا جرمانہ کیا ہوتا ہے؟** ڈیفالٹ فیصلے کے بعد ملنے والا جرمانہ سمن میں چارج کی جانے والی خلاف ورزی کے مطابق ہوتا ہے۔ تاہم ڈیفالٹ جرمانہ اکثر معیاری جرمانے سے 2-3 گنا زیادہ ہوتا ہے۔

**اگر مجھے ڈیفالٹ کا مرتکب ہونے کے متعلق فیصلہ موصول ہو تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟** آپ 1) ڈیفالٹ جرمانہ اور ممکنہ طور پر لاگو ہونے والے دیگر جرمانے، فیس یا سود ادا کر سکتے ہیں؛ یا 2) کیس کے مطابق آپ رہ جانے والی سماعت دوبارہ کھولنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

**رہ جانے والی سماعت دوبارہ کھولنے کی درخواست کیسے کی جا سکتی ہے؟** آپ OATH کی ویب سائٹ پر آن لائن، بذریعہ باقاعدہ ڈاک یا کسی بھی OATH مقام پر خود جا کر "ظاہر نہ ہونے کے بعد نئی سماعت کی درخواست" جمع کروا سکتے ہیں۔

**اگر میں رہ جانے والی سماعت دوبارہ کھولنے کی درخواست کروں تو کیا OATH میری درخواست قبول کرے گا؟** یہ اس بات پر منحصر ہے کہ سمن کتنے عرصے تک ڈیفالٹ رہے ہیں اور آپ کے سماعت پر نہ آنے کی وجہ کیا تھی۔ OATH کے طریقہ کار کے اصول درج ذیل طریقے سے ڈیفالٹ شدہ سماعتیں دوبارہ کھولنے کی اجازت دیتے ہیں:

1) پہلی مرتبہ ڈیفالٹ کے بعد سماعت دوبارہ کھولنے کی درخواست کیے جانے پر اگر درخواست ڈیفالٹ فیصلے کی تاریخ سے 75 دن کے اندر اندر کی گئی ہو تو درخواست *خود بخود* قبول کر لی جاتی ہے۔
2) پہلی مرتبہ ڈیفالٹ کے بعد سماعت دوبارہ کھولنے کی درخواست کیے جانے پر اگر درخواست ڈیفالٹ فیصلے کی تاریخ سے 75 دن کے بعد کی گئی ہو تو ضروری ہے کہ درخواست میں سماعت پر نہ آنے کی "منطقی وجہ" بیان کی گئی ہو۔ طریقہ کار کے اصولوں میں درج کئی عوامل کی بنیاد پر OATH فیصلہ کرے گا کہ آیا وجہ منطقی ہے یا نہیں۔
3) پہلی مرتبہ ڈیفالٹ کے بعد سماعت دوبارہ کھولنے کی درخواست کیے جانے پر اگر درخواست ڈیفالٹ فیصلے کی تاریخ سے ایک سال سے زائد عرصہ بعد کی گئی ہو یا اگر یہ درخواست دوسری مرتبہ کی جا رہی ہو تو ضروری ہے کہ آپ سماعت میں نہ آنے کا باعث بننے والے "غیر معمولی حالات" ثابت کریں اور ظاہر کریں کہ آپ کی درخواست سے انکار کس طرح ناانصافی کا باعث بنے گا۔

**اگر میں رہ جانے والی سماعت دوبارہ کھولنے کی درخواست کروں تو مجھے نتیجہ کب ملے گا؟** ڈیفالٹ شدہ سماعت دوبارہ کھولنے کا فیصلہ کرنے میں چھ (6) ہفتوں تک کا وقت لگ سکتا ہے۔ یہ فیصلہ بذریعہ باقاعدہ ڈاک درخواست گزار کو ارسال کیا جائے گا۔ OATH یہ تعین کرنے کے لئے اضافی معلومات کی بھی درخواست کر سکتا ہے کہ آیا درخواست گزار یہ درخواست کرنے کے قابل ہے یا نہیں۔

**اگر OATH مجھے نئی سماعت عطا کرے تو کیا ہو گا؟** اگر OATH آپ کی درخواست قبول کرے تو سماعت کی نئی تاریخ طے کی جائے گی اور ڈیفالٹ جرمانہ ختم کر دیا جائے گا۔ سماعت کی نئی تاریخ اور سماعت میں شرکت کرنے کے طریقے کی ہدایات باقاعدہ ڈاک کے ذریعے ارسال کی جائیں گی۔

**کیا انگریزی کے علاوہ کسی اور زبان میں درخواست جمع کروائی جا سکتی ہے؟** جی ہاں۔ درخواست کا فارم اس زبان میں جمع کروایا جا سکتا ہے جسے آپ باآسانی استعمال کر سکیں۔ OATH کے آن لائن فارم کا کئی زبانوں میں ترجمہ کیا جا سکتا ہے۔

**کیا میں اپنی درخواست سے ثبوت منسلک کر سکتا/سکتی ہوں؟** جی ہاں، آپ ایسا کر سکتے ہیں۔ آپ علیحدہ کاغذ پر بھی سماعت پر نہ آنے کی تفصیلی وضاحت لکھ کر اسے تمام معاون دستاویزات سمیت درخواست سے منسلک کر سکتے ہیں۔

**اگر میری درخواست رد ہو جائے تو کیا ہو گا؟** ڈیفالٹ شدہ سماعت دوبارہ کھولنے سے انکار ایجنسی کا حتمی تعین ہے اور OATH پر اس کے خلاف اپیل نہیں کی جا سکتی۔ اگر کوئی درخواست رد کی گئی ہے تو ڈیفالٹ کے تفویض کردہ جرمانے جاری رہیں گے جب تک ان کی ادائیگی/تکمیل نہ کر دی جائے۔ اگر آپ رہ جانے والی سماعت دوبارہ کھولنے کے متعلق OATH کے فیصلے سے متفق نہیں تو آپ ریاست نیو یارک کی سپریم کورٹ میں نیو یارک سول پریکٹسز لاء کے آرٹیکل 78 کے ذریعے قانونی نظر ثانی کی درخواست بھی کر سکتے ہیں۔